14مارچ2012

بینک منسوخ شدہ بینک نوٹوں کے اجراء سے باز رہیں،اسٹیٹ بینک کی ایک مرتبہ پھر ہدایت

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایک مرتبہ پھر تمام کمرشل بینکوں/مائیکرو فائنانس بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ پانچ روپے اور پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے منسوخ شدہ بینک نوٹوں کے اپنے کسٹمرز/عوام کو اجراء سے باز رہیں۔بینکوں/مائیکرو فائنانس بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ وہ اپنے کسٹمرز/عوام کو آگاہ کریں کہ وہ یہ منسوخ شدہ بینک نوٹ بینکوں کی شاخوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن سے تبدیل کرائیں۔

اسٹیٹ بینک نے یہ ہدایت اس لئے جاری کی ہے کہ اس کے علم میں یہ بات آئی تھی کہ بعض کمرشل بینک ان بینک نوٹوں کی قانونی حیثیت ختم ہو جانے اور ان بینک نوٹوں کو ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے قریب ترین فیلڈ آفس میں جمع کرانے کی اسٹیٹ بینک کی واضح ہدایات کے باوجود ان منسوخ شدہ نوٹوں کا اجراء کر رہے ہیں۔

اسٹیٹ بینک نے عوام کو بھی یاددہانی کرائی ہے کہ مذکورہ بالا بینک نوٹوں کی قانونی حیثیت ختم ہوگئی ہے اور انہیں قانونی کرنسی کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔چنانچہ عوام کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ ستمبر، 2012 کے آخری کاروباری روز تک اور پانچ روپے کے نوٹ دسمبر 2012 کے آخری کاروباری روز تک اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے فیلڈ دفاتر اور کمرشل بینکوں کی شاخوں سے تبدیل کرالیں۔

/☆☆☆